**26/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائنز

☆ ......... قوم آج حب الوطنی کے جذبے کے تحت شایانِ شان طریقے پر منا رہی ہے اپنا 76 واں یوم جمہوریہ۔

☆ ......... نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقدہ ملکی سطح کی سب سے بڑی تقریب کے دوران ملک کی فوجی طاقت، گونا گوں ثقافتی ورثے اور ترقی کی عکاسی۔

☆ ......... جموں و کشمیر میں بھی خصوصی تقاریب کا انعقاد// جموں میں لیفٹننٹ گورنر جبکہ سرینگر میں نائب وزیر اعلیٰ نے قومی جھنڈا لہرا کر مارچ پاسٹ پر لی سلامی۔

اور

☆ ......... صاف توانائی کا عالمی دن آج۔

دلی یوم جمہوریہ

قوم آج حب الوطنی کے جذبے کے تحت شایانِ شان طریقے پر **76** واں یوم جمہوریہ منا رہی ہے۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں مہمانانِ خصوصی نے قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ سب سے بڑی تقریب نئی دلی میں کرتویہ پتھ پر منعقد ہوئی جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی جھنڈ پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ مارچ پاسٹ پر ملک کی ثقافتی گونا گونیت، فوجی طاقت اور مختلف شعبوں میں حاصل کی گئی کامیابیوں کی عکاسی کی گئی۔

**------Music------**

اس سال یوم جمہوریہ کی تقریب پر انڈونیشیا کے صدر **Prabowo Subianto** مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ اس سے پہلے آج صبح وزیر اعظم نریندر مودی نے قومی وار میموریل پر حاضری دیکر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ واضح رہے کہ اس سال ملک بھر کے قریب **10** ہزار خاص مہمانوں کو بھی یوم جمہوریہ کی تقریب کا مشاہدہ کرنے کیلئے مدعو کیا گیا تھا۔

جھانکیاں

نئی دلی میں منعقدہ تقریب میں سوارنیم بھارت۔ وراثت اور وِکاس کے موضوع کے تحت مختلف ریاستوں، یوٹیز اور مرکزی وزارتوں اور محکموں کی **31** جھانکیوں اور انڈونیشیا سے تعلق رکھنے والے **160** ارکان پر مشتمل مارچنگ دستے اور **190** ارکان پر مشتمل بینڈ دستے نے حصہ لیا۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکز وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلی میں منعقدہ یوم جمہوریہ کی تقریب میں حصہ لیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ انہیں تقریب کے دوران ارتھ سائنسز وزارت کے تحت بھارتی محکمہ موسمیات کی جھانکی کا مشاہدہ کرنے پر فخر محسوس ہوا۔

جموں یوم جمہوریہ

جموں وکشمیر میں بھی یوم جمہوریہ کے سلسلے میں پُر وقار تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب مولانا آزاد میموریل اسٹیڈیم جموں میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے قومی جھنڈا لہرا کر پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ مارچ پاسٹ میں جموں وکشمیر، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، این سی سی، فوج، بی ایس ایف اور سی آر پی ایف دستوں کے علاوہ مختلف سکولوں کے بچوں نے بھی حصہ لیا۔ اس موقعے پر لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ جموں وکشمیر ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے اور لوگوں کی راحت رسانی کیلئے مختلف شعبوں میں متعدد پروجیکٹ عملائے جا رہے ہیں۔

-------Byte--(LG)----

اس موقعے پر رنگا رنگ ثقافتی پروگرام بھی پیش کیے۔

---Byte--( Culture Progamme)--

جموں میں منعقدہ تقریب پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے جبکہ تقریب میں پولیس اور سیول انتظامیہ کے افسروں کے علاوہ کافی تعداد میں عام لوگوں نے بھی شرکت کی۔

LG خراج

اس سے پہلے منوج سنہا نے پولیس شہیدی یادگار اور بلیدھان ستمبھ پر گل دائرے چڑھ کر پولیس، فوج اور دیگر حفاظتی عملے کے شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت ادا کیا۔

سرینگر یوم جمہوریہ

ادھر سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں یوم جمہوریہ کی تقریب پر جموں وکشمیر کے نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے ترنگا لہرایا، پریڈ کا معائنہ کیا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار ترقی کی رفتار کو آگے بڑھانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے کیلئے پُرعزم ہے۔

-------Byte------

نائب خراج

اس سے قبل نائب وزیر اعلیٰ نے پرتاپ پارک سرینگر میں بلیدان ستمبھ پر حاضری دے کر قوم کی سالمیت کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

وادی تقریبات

جموں وکشمیر کے سبھی ضلعوں میں **76** ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تقاریب منعقد ہوئیں ۔ بارہمولہ میں کابینی وزیر جاوید احمد ڈار، اننت ناگ میں صحت کی وزیر سکینہ ایتو، کٹھوعہ میں قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا اور ادھمپور میں ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے قومی جھنڈا پھیرا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

دیگر اضلاع میں متعلقہ ضلعوں کے ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسلوں کے چیر پرسنز نے ترنگا لہرایا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔ اسی طرح کی تقاریب تحصیل صدر مقامات، سرکاری دفاتر اور تعلیمی اداروں میں بھی منعقد ہوئیں ۔

ہائی کورٹ

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی جموں اور سرینگر شاخوں میں بھی پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوئیں ۔ جموں شاخ میں چیف جسٹس ،جسٹس تاشی ربستان نے قومی جھنڈا پھیرا جبکہ سرینگر میں ہائی کورٹ کے جج جسٹس اتل سری دھرن نے قومی ترنگا پھیرا اور مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

ریڈیو تقریب

ادھر آکاشوانی سرینگر میں بھی آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی اس موقعے پر ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ راجیش کمار سری واستو نے قومی جھنڈا لہریا۔

**BJP**

بی جے پی کشمیر یونٹ کی طرف سے بھی آج یوم جمہوریہ کے سلسلے میں سرینگر میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر پارٹی کے سینئر لیڈروں نے قومی جھنڈا پھیرایا۔

**At Home**

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے **SKICC** سرینگر میں **At Home** کا اہتمام کیا جس میں سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے علاوہ ارکان قانون سازیہ اور کئی دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔

چنارکور

فوج کی چنار کور نے قوم کی خدمت کرنے میں بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کرنے کیلئے ایوارڈ حاصل کرنے پر اپنے بہادر فوجیوں کو مبارکباد دی ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور **DTH** پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

**akashvanisrinagarnews@gmail.com**

پر بھیج سکتے ہیں۔

انٹرو

آج صاف وشفاف توانائی کا بین الاقوامی دن ہے۔ یہ دن منانے کا بنیادی مقصد لوگوں میں شفاف توانائی کی اہمیت اور حیاتیاتی تنوع کو آلائشوں اور آلودگیوں سے پاک رکھنے کیلئے اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ ایک رپورٹ کے ساتھ شعبہ خبر آکاشوانی سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

......**Byte**.....**(Tariq Rather)**.........

**CM** مبارکباد

وادی سے تعلق رکھنے والی **10** برس عمر کی عتیقہ میر پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہے جو ورلڈ سیریز کارٹ ریس میں حصہ لے رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عتیقہ میر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کھلاڑی نے کارٹ ریسز کی دنیا میں ایک منفرد مقام بنا لیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں عمر عبداللہ نے کہا کہ کشمیر سے مستقبل کے **F1** چمپئن اُبھر کر سامنے آرہے ہیں۔

منشیات

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...... ...... ......**Byte**......**(PM)**...... ...... ......

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں۔ اس حوالے سے جب ہم نے پونچھ کے ایک دانشور سید احمد حبیب کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

...... ......**Byte**......**(Syed Habib)**...

کاروائی

پولیس نے منشیات کی لعنت کے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے شیخ محلّہ نیوہ پلوامہ کے معراج الدین شیخ کو گرفتار کیا ہے۔ اسکے قبضے سے کافی مقدار میں نشیلی اشیاء برآمد کی گئی ہے۔

مہاکنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہاکنبھ میلہ جاری ہے اور آج بھی لاکھوں کی تعداد میں شردھالوں نے وہاں امرت اسنان میں حصہ لیا۔ واضح رہے کہ مہاکنبھ **26** فروری تک جاری رہے گا۔

...... ......**Music**...... ......

تپ دق

جموں وکشمیر میں **100** دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدومد سے جاری ہے۔ مہم سے کئی ایک تپ دق بیمار مستفید ہوئے ہیں اور یہ مریض صحت یاب ہوکر معمول کی زندگی گذار رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض نے اپنے تاثرات کچھ اس طرح بیان کئے۔

------**V/O**------

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **14** اعشاریہ **1** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی **5** اعشاریہ **6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **21** اعشایہ **8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **8** اعشاریہ **4** ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **7** بجکر **32** منٹ پر اور
غروب آفتاب شام **5** بجکر **55** منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح **7** بجکر **45** منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجیئے اجازت // خدا حافظ۔